علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

خزاں 2020 ٹرمینل امتحانات

سطح: بی ایس / ایسوسی ایٹ ڈگری / کامرس / ایسوسی ایٹ ڈگری ان بزنس ایڈمنسٹریشن	کل نمبر: 100
پرچہ: عمرانیات (5415)	کامیابی کے نمبر: 50

ھدایات

۱۔تمام سوالات حل کریں۔

۲۔تمام جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔کسی کتاب یا انٹرنیٹ سے نقل کرنے سے گریز کریں۔

۳۔تمام جوابات جامع ہونے چاہئیں۔ غیر ضروری تفصیل سے گریز کرتے ہوئے جوابات کو 600 سے 800 الفاظ تک محدود رکھیں۔

۴۔تمام طلبہ طالبات کو ہدایات کی جاتی ہیں کہ پیپر مکمل ہوتے ہی ٹائم کے ختم ہونے کا انتظار کئے بغیر LMS پر اپ لوڈ کر دیں۔

۵۔ٹائم ختم ہونے کے بعد کسی بھی قسم کے جوابات قابل قبول نہیں ہونگے اور اردو میں حل کئے جانے والے پیپرز کے ساتھ حلف نامہ بھی اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔

۶۔اگر کسی طالبعلم کے جوابات کہیں سے کاپی ہوئے یا کسی دوسرے طالبعلم سے ملتے ہوئے تو اُسے فیل تصور کیا جائیگا۔

نوٹ:- تمام سوالوں کے جوابات تحریر کریں۔

سوال نمبر	سوالات	نمبرز
سوال نمبر۔1	عمرانیات اجتماعی زندگی کے بارے میں باضابطہ علم کا نام ہے تحقیق کے ذریعے ہی معاشرتی زندگی کے بارے میں معلومات فراہم ہوتی ہیں جو کہ عمرانیات کا ایک لازمی جزو ہے عمرانیات کے دائرہ کار کو وسیع کرنے اور معاشرتی منصوبہ بندی میں تحقیق کی اہمیت کو مثالیں دے کر واضح کریں۔	30
سوال نمبر۔2	کسی معاشرے کی بقاء کیلئے ثقافتی اقدار پر عمل ناگزیر ہے ثقافتی اقدار کی تنزلی معاشرے میں بگاڑ اور مسائل کا سبب بنتی ہے اس تناظر میں پاکستان کے معاشرتی مسائل کی نشاندہی کریں اور ان کے ممکنہ حل کیلئے تجاویز پیش کریں۔	35
سوال نمبر۔3	کمیونٹی ڈیویلپمنٹ میں علاقے کے لوگوں کی سرگرمی شرکت ایک ایسا بنیادی عنصر ہے کہ اس کے بغیر یہ تصور ہی بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے اس تصور کو مدنظر رکھتے ہوئے شہری اور دیہی ترقی میں لوگوں (کمیونٹی) کے کردار پر روشنی ڈالیں اپنے جواب کو مثالیں دے کر واضح کریں۔	35

****